GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

رائے عامہ سروے

# میڈیا

## ہر 5 میں سے 2 پاکستانی خبروں اور موجودہ واقعات کے بارے میں جاننے کیلئے "ٹی وی" کا استعمال کرتے ہیں، جبکہ ہر 5 میں سے 1 پاکستانی "انٹرنیٹ" کا استعمال کرتے ہیں۔ عمر بڑھنے کے ساتھ خبروں اور موجودہ واقعات کے بارے میں جاننے کے لیے ٹی وی کا استعمال کرنے والوں کی شرح میں اضافہ ہوا ہے، جبکہ عمر بڑھنے کے ساتھ اس حوالے سے انٹرنیٹ کا استعمال کرنے والوں کی شرح میں کمی آئی ہے۔

**(گیلپ & گیلانی پاکستان پول)،**


(اسلام آباد) ،11 نومبر،2022

گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، خبروں اور موجودہ واقعات کے بارے میں جاننے کیلئے ہر 5 میں سے 2 پاکستانیوں کا پہلا سب سے اہم ذریعہ "ٹی وی" ہے، جبکہ ہر 5 میں سے 1 پاکستانی کا پہلا سب سے اہم ذریعہ "انٹرنیٹ" ہے۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **"خبروں اور موجودہ واقعات کے بارے میں جاننے کے لیے آپ کا پہلا سب سے اہم ذریعہ کیا ہے؟"**۔ اس سوال کے جواب میں 41% جوابدہندگان کے مطابق خبروں اور موجودہ واقعات کے بارے میں جاننے کے لیے اُن کا پہلا سب سے اہم ذریعہ "ٹی وی" ہے، 22% جوابدہندگان کے مطابق "انٹرنیٹ"، 11% جوابدہندگان کے مطابق "سوشل میڈیا"، 7% جوابدہندگان کے مطابق اُن کا اہم ذریعہ "کوئی بھی نہیں" ہے، 7% جوابدہندگان کے مطابق "سنی سنائی باتیں"، جبکہ صرف 2% جوابدہندگان کا کہنا تھا کہ خبروں اور موجودہ واقعات کے بارے میں جاننے کے لیے ان کا پہلا سب سے اہم ذریعہ "ریڈیو" ہے۔


اس سوال کے حوالے سے جواب دینے والے افراد کی عمر کے اعتبار سے نتائج میں ، یہ دیکھنے میں آیا ہے کہ وہ افراد جن کا کہنا تھا کہ خبروں اور موجودہ واقعات کے بارے میں جاننے کے لیے ان کا پہلا سب سے اہم ذریعہ ٹی وی ہے۔ ان میں 50% سے زائد شرح ایسے افراد کی ہے جن کی عمر 50 سال سے زائد ہے۔ مجموعی طور پر، عمر بڑھنے کے ساتھ خبروں اور موجودہ واقعات کے بارے میں جاننے کے لیے ٹی وی کا استعمال کرنے والوں کی شرح میں اضافہ دیکھنے میں آیا ہے۔ خبروں اور موجودہ واقعات کے بارے میں جاننے کے لیے انٹرینٹ کو اہم ذریعے کے طور پر استعمال کرنے والوں کی شرح بڑی عمر کے افراد کی نسبت نوجوانوں میں زیادہ پائی گئی۔ سوشل میڈیا کے حوالے سے بھی کچھ ایسا ہی رجحان دیکھنے میں آیا ہے، خبروں اور موجودہ واقعات کے بارے میں جاننے کے لیے سوشل میڈیا کا استعمال کرنے والوں کی شرح میں عمر بڑھنے کے ساتھ کمی آئی ہے۔

**"خبروں اور موجودہ واقعات کے بارے میں جاننے کے لیے آپ کا پہلا سب سے اہم ذریعہ کیا ہے؟"**




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

# عمر کے اعتبار سے نتائج




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹر نیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کے 1051 مرد و خواتین سے کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً ±2-3% لگایا گیا ہے۔اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا اور یہ سروے 29 اکتوبر 2022 سے 02 نومبر 2022 کے درمیان منعقد ہوا۔

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Friday, November 11, 2022**

*(3 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policy makers and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website: www.gallup-international.com*

Daily Gilani Poll
2022

celebrating 42 years of Gallup Pakistan (1980-2022)